روزنامہ

(ٹیلیفون نمبر 047-6213029) FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعرات 20 مئی 2010ء 5 جمادی الثانی 1431 ہجری 20 ہجرت 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 110

چار بنیادی صفات

تمام حمد اللہ ہی کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ بے انتہا رحم کرنے والا، بن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔ جزا سزا کے دن کا مالک ہے۔

﴿سورۃ الفاتحہ:2 تا4﴾

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ عادت اللہ ہے کہ جس طرح سے وہ جسمانی سلسلے کی پرورش اور تربیت کرتا ہے اور گزشتہ پرورش کافی نہیں ہوتی اسی طرح سے روحانی سلسلہ کا حال ہے اور روحانی جسمانی دونو سلسلے پہلو بہ پہلو چلتے ہیں۔ اگر کوئی شخص خدا سے ہی منکر ہو تو اس بحث کا الگ ایک طریق ہے۔ خدا تعالیٰ کے قائل کو چاہئے کہ دونوں سلسلوں کو بالمقابل رکھ کر ایک ہی نظر سے دیکھ کر فائدہ اٹھائے۔ جس نے جسمانی سلسلہ پیدا کیا ہے اسی نے روحانی سلسلہ بھی پیدا کیا ہے۔ جس طرح وہ جسمانی سلسلہ کی تازہ بتازہ پرورش کرتا ہے اسی طرح وہ روحانی سلسلہ کی بھی تازہ بتازہ پرورش کرتا ہے۔ جس طرح جسمانی حالت ایک تازہ پانی کی محتاج ہے اسی طرح روحانی حالت بھی تازہ آسمانی وحی کی محتاج ہے۔ جس طرح جسم بغیر پرورش کے مرجاتا ہے اسی طرح روح بھی بغیر پرورش کے مردہ ہو جاتی ہے۔ روحانی امور میں اگر ہمیشہ گذشتہ ہی گذشتہ کا حوالہ دیا جاوے تو بجز اس کے روحانی حالت ایک مردہ حالت ہو جاوے گی اور کیا ہو سکتا ہے؟

خدا تعالیٰ ہمیشہ طبعاً چاہتا ہے کہ وہ پہچانا جاوے۔ وہ اپنی شناخت اور زندگی کے ثبوت میں ہمیشہ حقائق، معارف اور تازہ بتازہ نشان دکھایا کرتے ہے اور یہ امور کوئی عقلی استبعاد بھی نہیں رکھتے۔ یہی سلسلہ ہمیشہ سے چلا آتا ہے۔ ہزاروں لاکھوں انبیاء آئے۔ انہوں نے عملی طور سے ثبوت دیئے۔ دنیا پر حجت پوری کی۔ اب کوئی شخص صرف یہ کہہ کر کہ میں سائنس دان یا فلاسفر ہوں ایک ایسی متواتر اور ثابت شدہ شہادت کو کیسے توڑ سکتا ہے۔ چاہئے کہ جس طرح سے اس گروہ پاک نے عملی زندگی اور نمونے سے اپنے دعویٰ کا ثبوت دیا اسی طرح سے اس کا رد بھی کیا جاتا۔ ہاں البتہ ان لوگوں کو یہ کہنے کا حق پہنچتا تھا کہ پرانے قصے کہانیاں کیوں پیش کی جاتی ہیں کوئی زندہ نمونہ یا ثبوت پیش کیا جاوے۔ سو اس کے واسطے ہم تیار ہیں۔ صرف ہیئت دان اپنی ہیئت وغیرہ یا نظام شمسی میں غور کرنے سے خدا تعالیٰ کے وجود کا یقینی ثبوت بہم نہیں پہنچا سکتا۔ البتہ ایک امکان پیدا ہو سکتا ہے کہ خدا ہونا چاہئے۔ یہ بات کہ خدا ہے اور یقیناً ہے ہمیشہ انبیاء کے پیش کردہ اصول سے ہی ثابت ہوتا رہا ہے۔ اگر ہماری طرح کے انسان دنیا میں نہ آتے تو خدا کے ثبوت کا کوئی حقیقی اور کامل ذریعہ ہرگز دنیا میں نہ ہوتا۔ زیادہ سے زیادہ اگر کوئی منصف مزاج ہوتا اور شرافت بھی اس کے حصہ میں آئی ہوتی تو اس ابلغ اور محکم ترتیب اور نظام شمسی وغیرہ سے اتنا نتیجہ نکال سکتا تھا کہ خدا ہونا چاہئے۔ باقی یہ امر کہ یقیناً خدا ہے اور وہ دنیا کا مالک، متصرف اور حکمران ہے۔ بجز خدا سے آکر خدا نمائی کرنے والوں کے ممکن نہیں۔ وہ لوگ مشاہدہ کرانے والے ہوتے ہیں اور تازہ بتازہ نشانوں کے پیش کرنے سے گویا خدا کو دکھا دیتے ہیں۔

﴿ملفوظات جلد پنجم ص 620﴾

مکرم حفیظ احمد شاکر صاحب کراچی

راہ مولیٰ میں قربان ہو گئے

حکومت سختی سے نوٹس لے: ترجمان جماعت احمدیہ

کراچی میں مذہبی منافرت کی بنا پر ایک احمدی مکرم حفیظ احمد شاکر صاحب کو فائرنگ کر کے راہ مولیٰ میں قربان کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق حفیظ احمد شاکر صاحب 18 اور 19 مئی کی درمیانی شب تقریباً ساڑھے بارہ بجے اپنا میڈیکل سٹور بند کر کے گھر جا رہے تھے کہ 2 نامعلوم افراد نے موٹر سائیکل پر پیچھا کیا اور روک کر کنپٹی پر فائر کر دیا جس سے ان کی موقع پر وفات ہو گئی۔ انہیں عباسی شہید ہسپتال لے جایا گیا۔ جہاں ان کا پوسٹ مارٹم کیا گیا۔ مرحوم ایک پرامن شہری تھے اور کسی سے کوئی تنازعہ نہ تھا۔ ان کے پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ دو بیٹیاں اور ایک بیٹا ہے۔ ان کے سب بچے زیر تعلیم ہیں۔

ترجمان جماعت احمدیہ مکرم سلیم الدین صاحب ناظر امور عامہ نے کہا ہے کہ سال 2010ء میں قتل ہونے والے یہ چھٹے احمدی ہیں جن کو محض مذہب کی بنیاد پر قتل کیا گیا۔ ترجمان جماعت احمدیہ نے کہا کہ پاکستان بھر میں مختلف انداز سے احمدیوں کے خلاف نفرت و تعصب پھیلا کر ان کے خلاف عوام کو مشتعل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے ایسے افسوسناک واقعات ملک کے مختلف حصوں میں ہوتے رہتے ہیں اور ان واقعات کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ حکومت کو چاہئے کہ اس واقعہ کا سختی سے نوٹس لے اور حفیظ احمد شاکر صاحب کے قاتلوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ ترجمان کے مطابق جماعت احمدیہ کے عمائدین و اراکین پر پے در پے قاتلانہ حملوں کے یہ بہیمانہ واقعات مذہب کے نام پر قتل و غارت گری کرنے والے ایسے متعصب اور سماج دشمن معاندین کی سوچی سمجھی سازش کا نتیجہ ہیں جو مذہب کے مقدس نام کی آڑ میں فرقہ واریت کو ہوا دینے اور عوام الناس کے جذبات کو انگیخت کر کے ملک میں مذہبی منافرت

باقی صفحہ 12 پر

چوتھا سالانہ کنونشن

احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان

خداتعالیٰ کے خاص فضل سے احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان کو اپنا چوتھا سالانہ کنونشن کامیابی کے ساتھ مورخہ 3-4 / اپریل 2010ء کو طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ فضل عمر ہسپتال ربوہ کے آڈیٹوریم میں منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ اس کنونشن میں حسب سابق پاکستان بھر سے میڈیکل اور ڈینٹل ڈاکٹرز، لیڈی ڈاکٹرز، فارماسسٹ اور میڈیکل کے طلباء وطالبات نے بھرپور شرکت کی۔ جملہ ڈاکٹرز دور ونزدیک کے شہروں سے تشریف لائے اور بڑے شوق سے ہر پروگرام میں شرکت کی۔ جس سے انہوں نے علم وعمل میں فائدے کے ساتھ ساتھ اس جماعتی پلیٹ فارم کے ذریعہ رابطے بھی بنائے۔

مورخہ 3/ اپریل کو ساڑھے چار بجے سہ پہر سے ایسوسی ایشن کے ممبران کی رجسٹریشن کا آغاز ہوا۔ رجسٹریشن کے لئے استقبالیہ دارالضیافت، طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ اور فضل عمر ہسپتال میں ڈیسک قائم کئے گئے ہر ممبر کو پہلے سے بنایا گیا خوبصورت رجسٹریشن کارڈ فراہم کیا گیا۔

گزشتہ سال کی طرح امسال بھی یہ کنونشن دو دنوں کے لئے منعقد کیا گیا۔ ڈاکٹرز اور طلبہ کے علمی، تحقیقی اور ریسرچ کا ذوق وشوق بڑھانے کے لئے بہت سے تربیتی پروگرام کئے گئے۔ انہی میں ایک طلباء وطالبات کے لئے علیحدہ سیشن اور ورکشاپ بھی تھا۔

پہلے سیشن کا آغاز مورخہ 3/ اپریل کو شام 5 بجے طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے آڈیٹوریم میں ہوا۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد محترم پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود الحسن نوری صاحب صدر ایسوسی ایشن نے افتتاحی خطاب کیا۔ مکرم صباح الدین ثاقب صاحب کراچی نے اپنے لیکچر میں ہائی بلڈ پریشر کا علاج کے موضوع پر مفید معلومات فراہم کیں۔ ہارٹ فیل ہو جانے پر کیا علاج ممکن ہیں اس اہم موضوع پر مکرمہ ڈاکٹر نور الصباح صاحبہ ربوہ نے لیکچر دیا۔ اس کنونشن میں شریک طلباء و طالبات کی معلومات میں اضافے اور پروفیشنل موضوعات سے آگاہی کے لئے ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ پہلی ورکشاپ BLS یعنی بیسک لائف سپورٹ میں مکرم ڈاکٹر سید مشہود احمد صاحب اور دوسری ورکشاپ ACLS یعنی ایڈوانسڈ کارڈک لائف سپورٹ میں مکرم ڈاکٹر انوارالدین صاحب نے مفید معلومات فراہم کیں۔ اس کورس میں شامل ہونے والوں کو سند شرکت بھی دی گئی۔

مغرب وعشاء کی باجماعت نمازوں کے بعد ایوان محمود میں جملہ شرکاء خواتین وحضرات، بزرگان سلسلہ ومہمانان کی خدمت میں عشائیہ دیا گیا۔ ایوان محمود میں گول میزیں اور کرسیاں سجا کر خوبصورتی کے ساتھ انتظام کیا گیا۔ سٹیج پر مہمان خصوصی مکرم ومحترم سلیم الدین صاحب ناظر امور عامہ اور دیگر بزرگان وڈاکٹر صاحبان تشریف فرما تھے۔ اس موقع پر مہمان خصوصی نے اجتماعی دعا کرائی اور احباب وخواتین نے الگ الگ کھانا تناول کیا۔ اور جملہ ڈاکٹرز نے طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے آڈیٹوریم میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا جلسہ سالانہ سپین سے خطاب سنا۔

اس کنونشن کا ایک دلچسپ ایونٹ مشاعرہ تھا۔ یہ مشاعرہ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے آڈیٹوریم میں منعقد ہوا۔ مہمان خصوصی مکرم ومحترم چوہدری محمد علی صاحب وکیل التصنیف تحریک جدید تھے۔ میزبانی کے فرائض مکرم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب نے سرانجام دیئے۔ مشاعرہ میں مکرم ڈاکٹر محمد عامر خان صاحب، مکرم ڈاکٹر عمران احمد دہلوی صاحب، ڈاکٹر حنیف احمد قمر صاحب، جگنو عبیر دا (از فیصل آباد) اور مکرم چوہدری محمد علی صاحب نے اپنی منظومات پیش کیں۔

گزشتہ سال کی طرح اس کنونشن کو چار سائنٹفک سیشنز میں تقسیم کیا گیا تھا۔ جن میں دو سرجری اور دو میڈیسن پر مشتمل تھے۔ مورخہ 4/ اپریل کو ساڑھے آٹھ بجے سرجری کے پہلے سائنٹفک سیشن کا آغاز ہوا۔ جس کے چیئر پرسنز مکرم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا مبشر احمد صاحب، مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ، اور مکرم ڈاکٹر صلاح الدین ایوبی صاحب تھے۔ موڈریٹر کے فرائض مکرم ڈاکٹر محمد اشرف صاحب ربوہ نے سرانجام دیئے۔ مقررین اور ان کے لیکچرز کے موضوعات درج ذیل ہیں۔

☆ مکرم ڈاکٹر طاہر محمود منہاس صاحب بہاولپور

Cutaneous Malignancy (Melanoma & Nonmelanoma Skin Cancer)

☆ مکرم ڈاکٹر مرزا اثمر احمد صاحب۔

Surgical Management of T. B. Spine

☆ مکرم ڈاکٹر عدنان اسلم صاحب۔ اسلام آباد۔

The Role of Surgery in Management of Oral Cancer

☆ مکرم خالد نوری صاحب ربوہ

Atrial Septal Defect- Is There a Changing Surgical Spectrum?

☆ مکرمہ ڈاکٹر امۃ المصور صاحبہ لاہور

Results of Ahmad Glaucoma Well in Paediatric Glaucoma

سیشن کے آخر پر سوالات بھی پوچھے گئے۔

میڈیسن کے پہلے سائنٹفک سیشن کا آغاز 9 بجے شروع ہوا جس کے چیئر پرسنز مکرم ڈاکٹر لطیف احمد قریشی صاحب ربوہ، مکرم ڈاکٹر محمد اصغر سلطان صاحب لاہور اور مکرم ڈاکٹر عبدالباری صاحب اسلام آباد تھے اور مکرم ڈاکٹر محمد احمد اشرف صاحب ربوہ موڈریٹر تھے۔ مقررین اور ان کے موضوعات لیکچر مندرجہ ذیل ہیں۔

☆ مکرم ڈاکٹر فرحان احمد باجوہ صاحب ربوہ

Hepatitis B Vaccination Status and its Determinants among the Females

☆ مکرم ڈاکٹر محمد عامر خان صاحب ربوہ۔

The Levels of Haemoglobin Concentration and Prevalence of Anaemia & its Morphological Types in Rabwah

☆ مکرم ڈاکٹر عبدالوحید صاحب ربوہ

Prevalence of Glucose Imbalance in Patients Presenting with Neonatal Spesis

☆ مکرم ڈاکٹر شیخ محمد محمود صاحب سرگودھا۔

Experience of ERCP in Clinical Practice in Sargodha

اس سیشن کے آخر پر حاضرین کی طرف سے سوال بھی پوچھے گئے۔

صبح دس بجکر دس منٹ پر متفرق موضوعات پر دو فری پیپرز پڑھے گئے۔ جن میں مکرم ڈاکٹر احمد جاوید بھٹی صاحب مٹھی تھرپارکر نے

Medical Services in Tharparkar (Introduction of Tahir Hospital Mitthi)

اور مکرم ڈاکٹر لطیف احمد قریشی صاحب ربوہ نے

The Burden of Diseases in Pakistan & the Responsibilities of Ahmadi Health Professionals

کے موضوعات پر سیر حاصل روشنی ڈالی۔

اس کنونشن کا اگلا اجلاس مکرم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی کی ہدایت پر مکرم ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب کی صدارت میں ساڑھے دس بجے شروع ہوا۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد مکرم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب جنرل سیکرٹری احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن نے رپورٹ پیش کی۔ جس میں انہوں نے ایسوسی ایشن سے متعلق مختلف امور بیان کئے۔ انہوں نے کہا ایسوسی ایشن آف احمدی ڈاکٹرز اینڈ فزیشنز کا قیام حضرت مسیح موعود کے دور مبارک میں ہو چکا تھا۔ اس وقت اس کا نام مجلس اطباء و ڈاکٹران جماعت احمدیہ تھا اس کے پہلے صدر حضرت ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب تھے۔ ایسوسی ایشن کو 1970ء میں دوبارہ فعال کیا گیا اور ورلڈ احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن نام دیا گیا۔ تاہم بوجوہ یہ ایسوسی ایشن زیادہ فعال نہ رہ سکی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے دور میں یعنی 1989ء میں ایک بار پھر اس ایسوسی ایشن کو زندہ کیا گیا اور حضور نے مکرم ڈاکٹر پروفیسر مسعود الحسن نوری صاحب کو اس کا صدر مقرر فرمایا۔ انہوں نے کہا 2007ء میں خاکسار کو بطور جنرل سیکرٹری مقرر فرمایا اور اسی سال سے ایسوسی ایشن کے سالانہ کنونشنز بھی خداتعالیٰ کے فضل سے باقاعدہ منعقد کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا رجسٹریشن کا کام تقریباً پایہ تکمیل کو پہنچ چکا ہے۔ آجکل انتظامی ڈھانچے کو مکمل کیا جا رہا ہے۔ ضلعی سطح پر 36 چیپٹرز بنائے گئے ہیں مخصوص ملکی اور جماعتی حالات کی بناء پر مقامی چیپٹرز آزادی کے ساتھ کام کرنے سے قاصر ہیں تاہم انہیں تلقین کی جاتی ہے کہ منظم طریق پر میڈیکل کیمپس کا ایسوسی ایشن کے تحت انعقاد کریں۔ رپورٹ کے بعد مکرم صدر صاحب ایسوسی ایشن نے خطاب کیا اور مختلف احباب کو شیلڈز دیں۔

چائے کے وقفے کے بعد پونے بارہ بجے سرجری کے دوسرے سائنٹفک سیشن کا آغاز ہوا جس کے چیئر پرسنز مکرم ڈاکٹر ولی محمد ساغر صاحب فیصل آباد، مکرم ڈاکٹر محمد زاہد صاحب ملتان اور مکرم ڈاکٹر سمیع اللہ باجوہ صاحب لاہور تھے۔ مقررین اور ان کے لیکچرز کے موضوعات درج ذیل ہیں۔

☆ ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب لاہور

Spine Injuries (Thoraco Lumber Junction) Treated by Fixator Internae

☆ مکرمہ ڈاکٹر نصرت جہاں مالک صاحبہ ربوہ

Ectopic Pregnancy- Past and Present

☆ مکرم ڈاکٹر ایم اے ناصر ملک صاحب واہ کینٹ

Honey vs Silver Sulphadiazine for Burn Dressing

اس سیشن کے آخر پر سوال وجواب ہوئے۔

دوپہر پونے ایک بجے میڈیسن کے دوسرے اور اس کنونشن کے چوتھے سیشن کا آغاز ہوا۔ جس کے چیئر پرسنز مکرم ڈاکٹر سید محسن احمد صاحب کراچی، مکرم ڈاکٹر انوارالدین صاحب ربوہ اور مکرم ڈاکٹر عامر بشیر صاحب

باقی صفحہ 12 پر

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

حسین سیرت اور حسن اخلاق سے مزین مقدس، مثالی اور آسمانی جوڑا

حضرت مسیح موعود و حضرت اماں جان کی عائلی زندگی کے حسین نقوش

حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کی دلآویز ادائیں اور تربیت کرنے کے روح پرور انداز

محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب

(قسط دوم آخر)

مہر کی رقم جھولی میں ڈال دی

حضرت حکیم فضل دین صاحب، حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے ہم وطن اور بہت قریبی دوست تھے۔ حضور کے ساتھ تعلق میں بہت اخلاص رکھتے تھے۔ ان کا ایک دلچسپ واقعہ مکرم شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب نے سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم میں تحریر کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

''انہوں نے ایک روز دربار شام میں بعد نماز مغرب عرض کیا کہ حضور میری بیوی اپنا مہر مجھ کو معاف کر دینا چاہتی ہے اور کئی بار کہہ چکی ہے۔ حضور نے ہنستے ہوئے فرمایا میں تو اس قسم کی معافی کا قائل نہیں ہوں۔ ہاں اگر آپ ان کے مہر کی پوری رقم ان کی جھولی میں ڈال دو اور اس رقم کے مل جانے کے بعد دو چار دن اپنے پاس رکھ کر پھر آپ کو واپس دے کر کہے کہ میں نے اپنا مہر آپ کو معاف کر دیا ہے اور یہ آپ واپس لے لیں تب تو کوئی بات بھی ہے ورنہ عورتیں بعض وقت یہ سمجھ کر کہ ملتا تو ہے ہی نہیں معاف کر دو یا شوہر بعض اوقات اپنی مشکلات کو کسی نہ کسی رنگ میں پیش کر کے معافی کی تحریک کرتے رہتے ہیں آخر وہ بیچاریاں مجبور ہو کر کہہ دیتی ہیں کہ میں نے معاف کر دیا۔ یہ کوئی معافی نہیں ہوتی ایک قسم کی کرہاً معافی ہوتی ہے۔''

(سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 529)

ایک روایت میں یہ بھی آتا ہے کہ جب حضرت حکیم فضل دین صاحب نے حضور کی اس نصیحت پر عمل کیا اور اپنی بیوی کو حق مہر کی رقم ادا کر دی تو جیسا کہ حضور نے فرمایا تھا انہوں نے رقم واپس کرنے سے انکار کر دیا۔

مثالی مالی قربانی

خاوند کا فرض ہے کہ جہاں وہ بیوی کے جملہ حقوق ادا کرے وہاں یہ بھی فرض ہے کہ وہ بیوی کے حقوق کی حفاظت بھی کرے حضرت اماں جان سلسلہ کی ضروریات کے لئے اپنے اموال میں سے ہمیشہ ہی خرچ کرتی رہی ہیں۔ اور سلسلہ کی تاریخ ایسے بہت سے واقعات سے بھری ہوئی ہے اس سلسلے میں حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی کی ایک روایت تو بہت معروف ہے ابتدائی ایام کی بات ہے ایک بار جلسہ سالانہ کے ایام میں جب مہمان کثرت سے آئے ہوئے تھے۔ انتظامات کے لئے رقم نہ رہی ان دنوں ابھی تک چندہ جلسہ سالانہ شروع نہ ہوا تھا اور حضور تمام اخراجات اپنے پاس سے ہی کرتے تھے۔ حضرت منشی ظفر احمد صاحب بیان کرتے ہیں کہ:''میر ناصر نواب صاحب مرحوم نے آکر عرض کی کہ رات کو مہمانوں کے لئے کوئی سامان نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا کہ بیوی صاحبہ سے کوئی زیور لے کر جو کفایت کر سکے فروخت کر کے سامان کر لیں''۔ چنانچہ حضرت اماں جان کے زیورات فروخت یا رہن کر کے میر صاحب روپیہ لے آئے اور مہمانوں کے لئے سامان بہم پہنچا دیا۔

(اصحاب احمد جلد چہارم صفحہ 183)

مکان فروخت کر دیا

مئی 1900ء میں حضور نے منارۃ المسیح کی تعمیر کے سلسلے میں ایک اشتہار شائع کیا جس میں منارۃ المسیح کی برکات اور ثمرات کے ذکر کے ساتھ ساتھ تعمیر کی غرض سے جماعت کے احباب سے دس ہزار روپے کی تحریک فرمائی۔ اس موقعہ پر حضرت اماں جان نے اس غرض کے لئے ایک ہزار روپیہ پیش کیا اور اس کی ادائیگی کے لئے دہلی میں اپنے ملکیتی مکان کو فروخت کر دیا۔

(سیرت حضرت نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 527)

بیوی کے مال میں بے جا تصرف سے پرہیز

جماعتی کاموں کے لئے حضرت اماں جان ہر موقعہ پر نہایت انشراح کے ساتھ مالی قربانی پیش کرتی تھیں۔ ایک دفعہ جب حضور کو بعض اہم ضروریات کے لئے روپئے کی ضرورت آن پڑی تو حضور نے ارادہ فرمایا کہ بجائے چندہ کی تحریک کرنے کے ان ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کسی سے قرض حاصل کر لیا جائے جب یہ بات حضرت اماں جان کے علم میں آئی تھی آپ نے حضور کی خدمت میں یہ پیش کش کی کہ میرے پاس ایک ہزار روپیہ نقد موجود ہے اور میرے زیورات بھی ہیں حضور بجائے قرض لینے کے ان سے یہ ضروریات پوری کر لیں۔ حضور نے اس اصول کے تحت کہ بیوی کا ملکیتی مال اس کا اپنا ہوتا ہے اور اس پر تصرّف کا حق بھی صرف بیوی کو ہی حاصل ہے خاوند کو نہیں۔ حضرت اماں جان سے یہ رقم بطور قرض حاصل کی اور اس کے عوض اپنا باغ باقاعدہ طور پر رہن رکھا اور اس رہن نامہ کی سرکاری رجسٹری کروائی اور اس طرح احباب جماعت کے سامنے یہ نمونہ پیش کیا کہ خاوند کا یہ بھی فرض ہے کہ وہ بیوی کے حقوق کی بھی پوری طرح حفاظت کرے اور بیوی کے مال میں بے جا تصرّف نہ کرے!

(سیرت حضرت نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 528)

حضرت مسیح موعود کا حضرت اماں جان کے ساتھ سلوک، محبت اور شفقت اور یگانگت کا ہوتا تھا کہ گھر کا ماحول حد درجہ خوشگوار ہوتا اور جیسا کہ حضرت میر محمد اسماعیل صاحب نے جنہوں نے پچیس سال کا طویل عرصہ حضور کے گھر میں حضور کے زیر سایہ گزارا اپنے اس طویل عرصہ کے مشاہدہ پر بنیاد رکھتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''میں نے اپنے ہوش میں نہ کبھی حضور کو حضرت (اماں جان) سے ناراض دیکھا نہ سنا۔ بلکہ ہمیشہ وہ حالت دیکھی جو ایک Ideal آئیڈیل جوڑے کی ہونی چاہئے۔ بہت کم خاوند اپنی بیویوں کی وہ دلداری کرتے ہیں جو حضور (اماں جان) کی فرمایا کرتے تھے اور آپ کو لفظ تم سے مخاطب فرمایا کرتے تھے اور ہندوستانی میں ہی اکثر کلام کرتے تھے۔ مگر شاذ و نادر پنجابی میں بھی۔ حالانکہ بچوں سے اکثر پنجابی بولا کرتے تھے''۔

(سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 231)

خاوند کا ادب

حضرت امۃ الرحمان صاحبہ تحریر کرتی ہیں:

''میں نے کبھی یہ بھی نہیں دیکھا کہ حضرت اماں جان حضرت مسیح موعود سے کسی بات پر خفا ہوئی ہوں بلکہ وہ ہمیشہ حضرت صاحب کا ادب کرتی رہی ہیں''۔

(سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 408)

سوتیلی اولاد کی خیر خواہی

اس مثالی مقدس جوڑے کے آپس کے تعلقات محبت اور پیار اور ایک دوسرے کے لئے نہایت درجہ لطف اور یگانگت اور عزت اور احترام پر مبنی ہوتے تھے اور یہ محبت اور پیار مہربانی اور مودّت اور عزت واحترام دونوں طرف سے تھا۔ جیسا کہ سب جانتے ہیں ہر عورت کی طبیعت کا یہ خاصہ ہے کہ اس کے دل میں اپنی سوکن کے لئے کوئی لگاؤ نہیں ہوتا۔ عورت ہر چیز برداشت کر سکتی ہے لیکن اپنی سوکن کے لئے اس کے دل میں کوئی جگہ نہیں ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ سوکن کا جلاپا مشہور ہے۔ حضرت اماں جان کا واقعہ پہلے بیان ہو چکا ہے کہ حضرت اماں جان حضور کی زوجہ اوّل سے ملنے جایا کرتی تھیں۔ ان کا خیال رکھتیں اور حتی المقدور اگر انہیں کوئی ضرورت ہوتی تو اسے پورا کرنے کی کوشش فرماتی تھیں اور جیسا کہ ذکر ہوا ہے بیماری میں ان کے لئے دوا بھی لے کر جاتی تھیں۔

حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کی جب حضرت نواب محمد علی خان صاحب سے جب شادی ہوئی تو چونکہ حضرت نواب صاحب کے پہلی بیوی سے بچے موجود تھے اس لئے حضرت اماں جان نے ان کو خاص طور پر اپنے سوتیلے بچوں سے حسن سلوک کرنے کی تلقین فرمائی اور اس ضمن میں خاص طور پر اپنا طریق بیان کرتے ہوئے فرمایا:

''میں نے ہمیشہ تمہارے سوتیلے بھائیوں کے لئے دعائیں کی ہیں اور ان کا بھلا ہی خدا سے چاہا ہے۔ کبھی اپنے دل میں ان کو غیر نہیں جانا خواہ حالات کے سبب وہ الگ رہے میرا دل ہمیشہ ان کا خیر خواہ رہا ہے''۔ (سیرت حضرت سید نصرت جہاں بیگم صفحہ 462)

اپنی سوکن سے اور اس کی اولاد سے حسن سلوک کرنے والی تو شائد کوئی اور خاتون بھی مل جائے لیکن خدا تعالیٰ سے ان کی بھلائی کے لئے دعائیں کرنا اور ان کو دل میں بھی اپنا یقین کرنا حضرت اماں جان اور آپ کے نقش قدم پر چلنے والی خواتین کا ہی خاصہ ہے۔

آپ کے منہ سے نکلی بات پوری ہو

حضرت مولوی عبدالکریم صاحب نے اپنی لطیف تصنیف سیرۃ مسیح موعود میں حضرت اماں جان کے بارہ میں ایک واقعہ کا ذکر کیا ہے جس سے حضرت اماں جان کے دل کی کیفیت پوری طرح عیاں ہو جاتی ہے اور پتہ چلتا ہے کہ آپ نے خدا تعالیٰ کی منشا کی خاطر اور حضرت مسیح موعود کی محبت میں اپنی مرضی چھوڑ ہی دی تھی۔ حضرت مولوی صاحب بیان فرماتے ہیں:۔

''حضرت کی زوجہ محترمہ آپ سے بیعت ہیں اور آپ کے منجانب اللہ ہونے پر صدق دل سے ایمان رکھتی ہیں سخت سے سخت بیماریوں اور اضطراب کے وقتوں میں جیسا اعتماد انہیں حضرت کی دعا پر ہے۔ کسی چیز پر نہیں۔ وہ ہر بات میں حضرت کو صادق و مصدوق مانتی ہیں۔ جیسے کوئی جلیل سے جلیل (رفیق) مانتا ہے۔ ان کے ایمان اور راسخ اعتقاد کا ایک بین ثبوت سنئے۔ عورتوں کی فطرت میں سَوت کا کیسا برا تصور ودیعت کیا گیا ہے۔ کوئی بھیانک قابل نفرت چیز عورت کے لئے

سَوت سے زیادہ نہیں عربی میں سَوت کو ضرہ کہتے ہیں۔ حضرت کی اس پیشگوئی کے پورا ہونے کے لئے جو ایک نکاح کے متعلق ہے اور جس کا ایک حصہ خدا کے فضل سے پورا ہو چکا ہے اور دوسرا دور نہیں کہ خدا کے بندوں کو خوش کرے۔ حضرت بیوی صاحبہ مکرمہ نے بار ہا رو رو کر دعائیں کی ہیں اور بارہا خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہا ہے کہ گو میری زنانہ فطرت کراہت کرتی ہے۔ مگر صدق دل اور شرح صدر سے چاہتی ہوں کہ خدا کے منہ کی باتیں پوری ہوں اور ان سے (دین) کی عزت اور جھوٹ کا زوال و ابطال ہو۔ ایک روز دعا مانگ رہی تھیں حضرت نے پوچھا آپ کیا دعا مانگتی ہیں۔ آپ نے بات سنائی کہ یہ مانگ رہی ہوں۔ حضرت نے فرمایا سَوت کا آنا تمہیں کیونکر پسند ہے۔ آپ نے فرمایا کچھ ہی کیوں نہ ہو مجھے اس کا پاس ہے کہ آپ کے منہ سے نکلی ہوئی باتیں پوری ہو جائیں۔ خواہ میں ہلاک کیوں نہ ہو جاؤں''۔

(سیرت حضرت مسیح موعود صفحہ 34)

حضرت مولوی عبدالکریم کی مذکورہ بالا روایت جہاں حضرت اماں جان کے دل کی حالت پر روشنی ڈال رہی ہے کہ کس طرح آپ خدا تعالیٰ کی پیشگوئیوں اور حضور کے منہ سے نکلی ہوئی باتوں کے پورا ہونے کے لئے حریص تھیں اور اسکے لئے دعائیں کرتی تھیں۔ وہاں یہ واقعہ حضرت مسیح موعود کے اخلاق فاضلہ کی ایک خصوصیت پر بھی روشنی ڈالتا ہے اور وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو کس قدر قدردان دل سے نوازا تھا کہ حضور نے ایک بات جو تنہائی میں آپ کی حرم محترم نے آپ سے کی تھی جس سے آپ کی حرم محترم کی ایک خوبی سامنے آتی تھی کی قدردانی فرمائی اور اس کا بیان اپنے رفقاء کے سامنے بھی کیا۔

خدا خوش ہو گیا

حضرت صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب جو حضور کے سب سے چھوٹے صاحبزادے تھے سات آٹھ برس کے تھے کہ بیمار ہوئے قضاء الٰہی سے ان کی وفات ہوگئی۔ حضرت اماں جان نے اس موقعہ پر بہت صبر سے کام لیا اور راضی برضا رہیں۔

حضور کو آپ کے اس طرح صبر کرنے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے والی قضا پر راضی ہو جانے کی وجہ سے بہت خوشی ہوئی اور حضور نے اس بات کا تذکرہ اصحاب کی مجلس میں بھی کیا اور فرمایا:

''مجھے بڑی خوشی اس بات کی یہ ہے کہ میری بیوی کے منہ سے سب سے پہلا کلمہ جو نکلا ہے وہ یہی تھا کہ ......کوئی نعرہ نہیں مارا کوئی چیخیں نہیں ماریں''۔

(سیرت حضرت مسیح موعود شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی صفحہ 244)

پھر فرمایا:

''مبارک احمد کی وفات پر میری بیوی نے یہ بھی کہا ہے کہ 'خدا کی مرضی کو میں نے اپنے ارادوں پر قبول کر لیا ہے''۔

اس ابتلاء اور صدمہ کے موقعہ پر حضرت اماں جان اور حضور کا صبر دیکھ کر اللہ تعالیٰ نے الہاماً فرمایا:۔

''خدا خوش ہو گیا''

حضور فرماتے ہیں جب یہ الہام ہم نے اپنی بیوی کو سنایا تو اس نے سن کر کہا کہ مجھے اس الہام سے اتنی خوشی ہوئی کہ اگر دو ہزار مبارک احمد بھی مر جاتا تو میں پروانہ کرتی۔

(سیرت حضرت مسیح موعود حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی صفحہ 246)

میاں بیوی کے تعلقات کو خوشگوار اور ہر بدمزگی سے پاک رکھنے کا یہ عجیب نسخہ ہے جو اس واقعہ کو پڑھنے سے ہمارے سامنے آتا ہے کہ میاں بیوی ایک دوسرے کی خوبی کی قدر کریں اور اپنی قدردانی کو صرف دل میں محسوس کر کے نہ رہ جائیں بلکہ اس کا اظہار بھی کریں تا کہ دوسرا فریق بھی یہ امر جان لے کہ اس کے رفیق حیات کے دل میں اس کیلئے قدردانی اور محبت کے جذبات موجزن ہیں۔

باہمی محبت و احترام کا رشتہ

جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے حضور اور اماں جان کا یہ رشتہ باہمی محبت اور احترام اور موّدت کا رشتہ تھا اس بات کا ذکر کرتے ہوئے حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ بیان کرتی ہیں:

''ایک بار مجھے یاد ہے حضرت والدہ صاحبہ نے حضرت اقدس سے کہا (ایک دن تنہائی میں الگ نماز پڑھنے سے پہلے نیت باندھنے سے پیشتر) کہ ''میں ہمیشہ دعا کرتی ہوں کہ خدا مجھے آپ کا غم نہ دکھائے اور مجھے پہلے اٹھالے'' یہ سن کر حضرت نے فرمایا: ''اور میں ہمیشہ یہ دعا کرتا ہوں کہ تم میرے بعد زندہ رہو اور میں تم کو سلامت چھوڑ کر جاؤں''۔

(سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 459)

حضرت سیدہ اُم ناصر احمد صاحب نے ایک واقعہ بیان فرمایا ہے جس سے اس باہمی تعلق محبت ومودت پر مزید روشنی پڑتی ہے۔ آپ فرماتی ہیں:

''حضرت اماں جان بیمار تھیں اور حضرت اقدس تیمارداری فرماتے کھڑے دوائی پلا رہے تھے اور حالت اضطراب میں اماں جان کہہ رہی تھیں 'ہائے میں تو مرجاؤں گی آپ کا کیا ہے بس اب میں مرچلی ہوں، تو حضرت نے آہستہ سے فرمایا ''تو تمہارے بعد ہم زندہ رہ کر کیا کریں گے؟'' حضرت سیدہ اُم ناصر صاحبہ مزید فرماتی ہیں: ''ایسی ایسی دل نوازی کی ہزاروں باتیں ہیں۔''

(سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 394)

اسی قسم کا ایک واقعہ اہلیہ صاحبہ مولوی فضل الدین صاحب زمیندار کھاریاں نے بیان کیا ہے کہ ایک دن حضرت اماں جان نے حضرت مسیح موعود سے کہا دُنیا میں رشتے تو بہت ہوتے ہیں مگر میاں بیوی کا رشتہ سب سے بڑا ہے میرا دل چاہتا ہے میں آپ کے ساتھ مروں۔

(سیرت المہدی جلد 2 روایت نمبر 1440 ص 251)

جدائی کا غم اور صبر واستقلال

حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ بیان فرماتی ہیں:

''حضرت مسیح موعود کے بعد ایک بہت بڑی تبدیلی آپ میں واقع ہوئی پھر میں نے آپ کو پُرسکون، مطمئن اور بالکل خاموش نہیں دیکھا۔ ایک بے قراری اور گھبراہٹ آپ کے مزاج میں باوجود انتہائی صبر اور ہم لوگوں کی دلداری کے خیال کے پیدا ہوگئی جو آج تک نہیں گئی یہ معلوم ہوتا ہے اس دن سے کہ آپ دنیا میں ہیں بھی مگر نہیں بھی اور ایک بے چینی سی ہر وقت لاحق ہے جیسے کسی کا کچھ کھو گیا ہو۔ اس سے زیادہ میں اس کیفیت کی تفصیل نہیں بیان کر سکتی۔''

(سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 460)

لیکن اس اضطراب اور بے چینی کے باوجود جس کا تذکرہ حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ نے فرمایا ہے حضرت مسیح موعود کی وفات کے فوری بعد آپ کی کیا کیفیت تھی اس کے بارے میں مکرم محترم ڈاکٹر سید محمد حسین شاہ صاحب جو خلافت ثانیہ کے قیام پر جماعت مبائعین سے علیحدہ ہوگئے تھے حضور کی وفات پر تحریر فرماتے ہیں:

''جب حضرت مسیح موعود وفات پا گئے تو حضرت (اماں جان) نے اس وقت وہ نمونہ دکھایا کہ اس سے انسان حضرت اقدس کی قوت قدسی کا اندازہ اچھی طرح سے کر سکتا ہے۔ ہم سب چھ سات گھنٹے حضرت اقدس کی خدمت میں رہے (اماں جان) برقعہ پہنے خدمت والا میں حاضر رہیں اور کبھی سجدہ میں گر جاتیں اور بار بار یہی کہتی تھیں کہ ''اے حی وقیوم خدا۔ اے میرے پیارے خدا اے قادر مطلق خدا۔ اے مردوں کے زندہ کرنے والے خدا تو ہماری مدد کر۔ اے واحد لاشریک خدا۔ اے خدا میرے گناہوں کو بخش۔ میں گنہگار ہوں اے میرے مولیٰ میری زندگی بھی تو ان کو دیدے۔ میری زندگی کس کام کی ہے۔ یہ تو دین کی خدمت کرتے ہیں۔ میری زندگی بھی ان کو دیدے''۔ بار بار یہی الفاظ آپ کی زبان پر تھے کسی قسم کی جزع فزع آپ نے نہیں فرمائی اور آخر میں جبکہ انجام بہت قریب تھا۔ آپ نے فرمایا:۔

''اے میرے پیارے خدا یہ تو ہمیں چھوڑتے ہیں۔ مگر تو ہمیں نہ چھوڑیو اور کئی بار یہ کہا اور جب آخر میں یٰسین پڑھی گئی اور دم نکل گیا تو اندر مستورات نے رونا شروع کیا۔ مگر آپ بالکل خاموش ہوگئیں اور ان عورتوں کو بڑے زور سے جھڑک دیا اور کہا کہ میرے تو خاوند تھے جب میں نہیں روئی تم کون رونے والی ہو۔ ایسا صبر واستقلال کا نمونہ ایک ایسی پاک عورت سے جو کہ ایسی ناز ونعمت میں پلی ہوئی ہو اور جس کا ایسا بادشاہ اور ناز اٹھانے والا خاوند انتقال کر جائے۔ ایک اعجاز ہے اسی طرح صاحبزادہ مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب نے اپنا پورا صبر اور استقلال کا نمونہ دکھایا اور ہر طرف سے سوائے حی وقیوم کے الفاظ کے اور کوئی آواز نہ آتی تھی یہ سارا نقشہ حضرت اقدس کی قوت قدسیہ کا اندازہ کرنے کے لئے ایک انصاف پسند آدمی کے لئے کافی ہے''۔

(سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 388)

سسرال کا احترام

جیسا کہ ظاہر ہے کہ میاں بیوی کا رشتہ باہمی محبت اور مئودّت کا رشتہ ہے اور اس کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ خاوند کے عزیز واقارب اور ان کا عزت واحترام بیوی کو عزیز ہو اور یہی کیفیت دوسری طرف ہو کہ بیوی کے اعزہ خاوند کے لئے قابل احترام ہوں تب ہی یہ رشتہ مثالی کہلا سکتا ہے۔

حضرت اماں جان کا حضور کی زوجہ اوّل اور ان کے بیٹوں کے ساتھ حسن سلوک اور دل سے ان کی خیر خواہی کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔ حضور کے دیگر اعزہ واقارب کے ساتھ بھی اماں جان کا یہی روّیہ اور یہی سلوک تھا۔ اور باوجود اس کے کہ ابتداء میں حضور کے اقارب کا روّیہ اماں جان کے ساتھ اچھا نہ تھا۔ چنانچہ حضرت نواب مبارکہ بیگم تحریر فرماتی ہیں کہ انہیں حضرت اماں جان نے بتایا کہ:

''جب تمہارے ابا مجھے بیاہ کر لائے تو یہاں سب کنبہ سخت مخالف تھا (اس وقت تک شادی کی ہی وجہ سے غالبًا) دو چار خادم مرد تھے اور پیچھے سے ان بیچاروں کی بھی گھر والوں نے روٹی بند کر رکھی تھی گھر میں عورت کوئی نہ تھی'' اماں جان کے ساتھ دلّی سے آئی ہوئی ایک خادمہ تھی جو یہاں کسی کی زبان نہ سمجھتی تھی اور نہ ان کی بات کوئی سمجھ سکتا تھا''۔

لیکن جلد کچھ عرصے کے بعد ہی اماں جان کے حسن سلوک سے دونوں گھروں میں آنا جانا شروع ہو گیا اور باوجود اس کے تائی یعنی حضرت مسیح موعود کے بڑے بھائی کی بیوہ اپنی مرضی کے خلاف کسی کو اور کسی بات کو برداشت کرنے کی عادی نہ تھیں۔ اور ہر ایک کے بارے میں کچھ نہ کچھ کہتی رہتی تھیں اور اپنی عادت کے مطابق وہ حضرت اماں جان کے بارے میں بھی اعتراض کے رنگ میں کچھ نہ کچھ کہتی تھیں۔ لیکن اماں جان ہنس کر ٹال جاتی تھیں اور دونوں گھروں میں تعلقات اس حد تک آگئے تھے کہ حضرت اماں جان کی بڑی صاحبزادی عصمت دن کا بیشتر وقت حضور کی زوجہ اوّل کے پاس گزارتی تھیں اور انہیں بڑی اماں کہتی تھیں۔

حضرت قاضی محمد اکمل صاحب کی اہلیہ استانی سکینۃ النساء صاحبہ جن کو ایک لمبا عرصہ حضرت اماں جان کو دیکھنے کا موقعہ ملا حضور کے رشتہ دار جو حضور کے مخالف بھی تھے کے ساتھ تعلقات کے بارہ میں لکھتی ہیں:

''حضرت (اماں جان) مدظلہا کا اپنے سسرال والوں سے سلوک نرمی ومحبت عزت واحترام کا برتاؤ اکثر مخالف مغلوں کی بیگمات نے بھی آپ کا حسن سلوک اور نیک برتاؤ دیکھ کر ہمیشہ اماں جان یا بیوی صاحبہ کر کے سراہا اور سب بیگمات مُریدوں کی طرح آپ کا عزت واحترام کرتیں۔''

(سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 395)

بیعت پر خوشی

چنانچہ تعلقات روز بروز بہتر ہوتے رہے تا آنکہ محمدی بیگم کی پیشگوئی کے موقعہ پر حضور کے جملہ خاندان نے حضور سے تعلقات منقطع کر لئے!

رفقاء حضرت مسیح موعود کے ساتھ بھی حضرت اماں جان کا خصوصی طور پر شفقت اور محبت کا سلوک ہوتا تھا۔ حضرت اماں جی صغریٰ بیگم حرم حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل حضرت اماں جان کے بارے میں تحریر کرتی ہیں:

''میری شادی کے وقت حضرت مسیح موعود اور حضرت (اماں جان) حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کے ساتھ برات میں گئے تھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی عمر اس وقت تقریباً چھ ماہ کی ہوگی۔ شادی کے دو تین دن کے بعد حضرت (اماں جان) کی موجودگی میں میں حضرت مسیح موعود سے بیعت ہوئی۔ میری بیعت شہزادہ حیدر کے مکان میں ہوئی تھی۔ حضرت (اماں جان) نے میری بیعت پر بڑی خوشی کا اظہار فرمایا اور مٹھائی بھی تقسیم کی۔

میں اپنے شوہر حضرت خلیفہ اوّل کے ساتھ جموں چلی گئی اور حضرت (اماں جان) کچھ دنوں لدھیانہ میں ہی ٹھہری رہیں کیونکہ حضرت میر ناصر نواب ان دنوں لدھیانہ میں ملازم تھے۔ میں جب جموں سے واپس آئی تو قادیان بھی آئی۔ اماں جان نے مجھے اپنے گھر اتارا۔ اپنا سارا زیور اور لباس مجھے پہنایا۔ مجھے ان کا یہ حسن اخلاق کبھی اور کسی وقت نہیں بھولتا۔

ایک دفعہ حضرت مسیح موعود اور حضرت (اماں جان) سیالکوٹ تشریف لے گئے۔ میر حسام الدین صاحب کے مکان پر اترے ہوئے تھے اور میں ان دنوں مولوی صاحب کے پاس جموں میں تھی۔ حضرت (اماں جان) نے بھاگ بھری نائن کو میرے لئے بہت سے تحفے اور کپڑے دے کر جموں بھیجا کہ مجھے وہاں سے بُلا لائے۔ مگر حضرت خلیفہ اوّل ان ایام میں کشمیر گئے ہوئے تھے اس لئے میں حاضر نہ ہو سکی۔

حضرت (اماں جان) نے جس نگاہ سے مجھ کو پہلے دن دیکھا اسی نگاہ سے آج تک دیکھتی ہیں اور ہمیشہ بڑی بہو کے لقب سے پکارا۔ نیک اور مادرانہ سلوک فرمایا۔ مجھے ہر تنگی اور ترشی میں اپنے پاس رکھا کبھی اپنے سے جدا نہیں کیا۔ چنانچہ اب تک حضرت اماں جان میرے پاس خود تشریف لاتی ہیں اور باوجود بیماری کے میرا احساس رکھتی ہیں۔''

(سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 287)

رفقاء سے حسن سلوک

حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب اور ان کے صاحبزادے محمود عرفانی صاحب نے حضرت اماں جان کی سیرت میں بہت سے واقعات جمع کر دئے ہیں جن سے آپ کے رفقاء حضرت مسیح موعود سے سلوک کا پتہ چلتا ہے کہ آپ کے دل ان کے لئے کس قدر شفقت اور محبت تھی۔ قادیان میں آپ احمدی گھرانوں اور خاص کر رفقاء کرام کے گھروں میں جاتی رہتی تھیں اور ان کے حالات سے آگاہی حاصل کرتیں اور ان کے دکھ درد اور خوشی میں شریک ہوتی تھیں بالکل اسی طرح جیسے ایک ماں اپنے بچوں کے دکھ درد اور خوشیوں میں شریک ہوتی اور ان کے غم پر تکلیف اور خوشی کے موقعہ پر خوش ہوتی ہے یہ بات صرف قادیان میں بسنے والے رفقاء تک محدود نہ تھی بلکہ قادیان سے باہر بھی جہاں آپ تشریف لے جاتیں وہاں آباد رفقاء کرام یا ان کے بیوی بچوں کے گھروں میں ضرور تشریف لے جاتی تھیں۔ چنانچہ میاں غلام محمد اختر صاحب لاہور میں رہائش پذیر تھے اور کئی دفعہ حضرت اماں جان لاہور ان کے گھر ٹھہرتی تھیں وہ تحریر کرتے ہیں:۔

ایک خاص وصف جو میرے مطالعہ میں آیا وہ یہ ہے کہ جب کبھی بھی آپ قادیان سے باہر تشریف لے جاتی ہیں تو حضرت مسیح موعود کے رفقاء کے گھر والوں سے بھی ضرور ملاقات فرماتی ہیں۔ واپسی پر خواہ چند لمحوں کے لئے ہی ہو۔ سب کے گھر خواہ عرف عام کے لحاظ سے غریب ہوں یا امیر اپنے ملاقاتیوں سے ملتی ہیں اور حضرت مسیح موعود کے رفقاء کے گھر والوں سے خاص طور پر محبت رکھتی ہیں''۔

(سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 444)

حضرت نواب مبارکہ بیگم رفقاء کرام اور ان کی اولاد سے حضرت اماں جان کی محبت کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتی ہیں:

''سب جماعت سے محبت دلی فرماتی تھیں اور خصوصاً حضرت مسیح موعود کے زمانہ کے لوگوں سے آپ کو بہت ہی پیار تھا۔ ان کی اولادوں کو اب تک دیکھ کر شاد ہو جاتی تھیں۔ شاید آپ میں سے بعض کو پورا احساس نہ ہو۔ مجھے پوچھیں آپ سچ مچ ایک اعلیٰ نعمت سے ایک ہزار ماں سے بہتر ماں سے محروم ہو گئے ہیں۔

ہر چھوٹے بڑے کی خوشی اور تکلیف میں بدل شریک ہوتی تھیں۔ جب تک طاقت رہی یعنی زمانہ قریب ہجرت تک جب باہر جاتیں۔ اکثر گھروں میں ملنے جاتیں۔ حضرت مسیح موعود کے زمانہ سے آپ کا یہی عمل تھا۔ مجھے کئی واقعات یاد ہیں کہ کسی کے گھر بچہ پیدا ہوا ہے اور آپ برابر ان کی تکلیف کے وقت میں زچہ کے پاس رہیں اور یہی طریق بعد میں جب تک ہمت رہی جاری رہا۔

خاص چیز جو پکواتیں بہت کھلی اور ضرور سب میں تقسیم کرتیں۔ حضرت مسیح موعود کے زمانہ میں چونکہ لوگ کم تھے تو سب کو گھروں سے بلوا کر اکثر ساتھ ہی کھلوایا کرتی تھیں۔'' (تحریرات مبارکہ صفحہ 19-20)

خدا نے دو بیٹے دیئے

اس سلسلے میں حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ نے ایک واقعہ بھی تحریر کیا ہے فرماتی ہیں:

''اکثر ایسوں کا نام لے کر بیقرار ہو کر دعا کرتیں۔ جن کا بظاہر کسی کو خیال تک نہ ہوتا۔ ایک بار لیٹے لیٹے اس طرح کرب سے ''یا اللہ'' کہا کہ میں گھبرا گئی۔ مگر اس کے بعد کا فقرہ کیا تھا؟ یہ کہ ''میرے نیرّ کو بیٹا دے'' خدا نے آپ کے نیرّ (مکرم مولوی عبدالرحیم صاحب نیرّ) کو اس کے بعد محمودہ کڑک سے دو بیٹے عطا فرمائے۔ خدا نیکی اور زندگی ان کو بخشے۔''

(تحریرات مبارکہ صفحہ 19)

مکرم شیخ نیاز محمد صاحب انسپکٹر پولیس کی ذات ایک نشان کی حیثیت رکھتی ہے۔ ان کے والد شیخ محمد بخش صاحب بٹالہ میں سب انسپکٹر پولیس تھے جماعت کے سخت مخالف اور معاند تھے۔ لیکھرام کے قتل کے موقعہ پر ان کو مخالفت ظاہر کرنے کا موقعہ ملا اور انہوں نے حضور کے گھر میں تمام سامان کی تلاشی لی اور ٹرنک کھلوا کر سارا سامان دیکھا 1907ء میں اللہ تعالیٰ نے اپنی صفت یخرج الحی من المیت کے تحت ان کے بیٹے شیخ نیاز محمد صاحب کو حضور کے قدموں میں لا ڈالا اور انہوں نے بیعت کر لی۔ شیخ صاحب مکرم حضرت اماں جان کے بارے میں تحریر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

''(بیعت) کے قریباً دس، بارہ سال کے بعد میری اہلیہ قادیان میں آئیں اور حضرت سیدہ (اماں جان) کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوئیں تو حضرت سیدہ نہایت ہی شفقت سے ان سے ملیں اور فرمایا کہ تم تو بہت دیر سے آئی ہو۔ مگر تمہارے میاں ہمارے مدت سے واقف ہیں۔ ہمیں یاد ہے کہ حضرت مسیح موعود کی زندگی میں تمہارے میاں ہمارے لئے ایک کپڑا لائے تھے جو حضرت اقدس لے کر خوشی خوشی اندر تشریف لائے اور ہنستے ہوئے مجھے دے کر فرمایا کہ یہ تمہارے لئے محمد بخش تھانیدار بٹالہ کا لڑکا لایا ہے جس کے والد نے تلاشی کے وقت تمہارے ٹرنک کھولے تھے۔ میری اہلیہ نے مجھ سے اس کا تذکرہ کیا۔ تو مجھے حضرت سیدہ کی اس کمال شفقت اور غریب نوازی پر بہت تعجب ہوا کیونکہ مجھے وہ واقعہ بھول چکا تھا''۔

(سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 472)

ہر نماز میں دعا

شیخ نیاز صاحب مزید لکھتے ہیں کہ ایک بار ان کے خلاف جھوٹے مقدمات قائم کئے گئے اور یہ گرفتار ہو گئے آخر مقدمے عدالت میں پیش ہوئے اور جھوٹے ثابت ہوئے اور خاکسار کو رہائی نصیب ہوئی۔ قادیان اطلاع پہنچنے پر سب سے پہلے بوقت صبح حضرت سیدہ (اماں جان) ہی ہمارے غریب خانہ پر تشریف فرما ہوئیں اور اس عاجز کی دختر عزیزہ عنایت بیگم کو جو اس وقت گھر میں موجود تھی۔ مبارک باد دی۔ نیز فرمایا شکر ہے میرے بیٹے کو اللہ تعالیٰ نے رہائی دی۔ میں تو ہر نماز میں اس کیلئے دعائیں کرتی رہی ہوں اور فرمایا کہ ہماری طرف سے شیخ صاحب (اس عاجز) کو لکھ دو کہ مقدمات کرنے والوں پر کوئی کارروائی نہ کریں اور انہیں معاف کر دیں۔

(سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 476)

حضرت مولوی شیر علی صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ:

''ایک احمدی دوست جو کچھ عرصہ کیلئے اپنے روزگار کے سلسلہ میں ولایت گئے ہوئے تھے۔ میں نے ان کی واپسی پر حضرت (اماں جان) کو ان سے یہ فرماتے ہوئے سنا کہ 'کوئی نماز ایسی نہ تھی جس میں مَیں نے تمہارے لئے دعا نہ کی ہو'

''ان احمدی سے حضرت (اماں جان) کا کوئی رشتہ داری کا تعلق نہ تھا اور نہ وہ کوئی مال و دولت رکھتا تھا۔ صرف اس کے دل میں حضرت مسیح موعود کے خاندان کے لئے اخلاص و محبت تھا۔ جس کی وجہ سے آپ کے دل میں اس کے لے اس قدر شفقت تھی کہ اس کی غیر حاضری میں تین ماہ کے لمبے عرصے تک بالالتزام ہر نماز میں اس کے لئے دعا فرماتی رہیں۔ اس احمدی دوست کا نام شیخ احمد اللہ صاحب ہے''۔

خدام سے شفقت

حضرت مولوی صاحب مزید فرماتے ہیں:

''اپنے خدام سے آپ کی محبت و شفقت کا یہ تقاضا ہے کہ اپنے خدام کی خوشی اور غمی کے موقعوں پر اب تک شرکت فرماتی رہتی ہیں۔ چنانچہ جب بندے کی اہلیہ فوت ہوئیں تو آپ بذات خود معہ دیگر خواتین خاندان تشریف لائیں اور نہایت شفقت سے میری اہلیہ مرحومہ کے سر پر دست شفقت پھیرتی رہیں۔''

''اسی طرح جب عزیزم عبد الرحیم کا لڑکا فضل الرحیم یعنی میرا پوتا پیدا ہوا تو آپ بندے کے غریب خانے پر تشریف لے گئیں اور بڑی دیر بچے کو مادر مہربان کی طرح اپنے ہاتھوں میں اٹھائے رکھا۔ یہ آپ کی خدام سے شفقت اور مہربانیوں کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ یہ شفقت کسی خاص طبقہ سے مخصوص نہیں بلکہ غرباء بھی اس سے اسی طرح مستفیض ہوتے رہتے ہیں جس طرح دوسرے''۔

(سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 285)

اماں جان کے والدین سے حسن سلوک

حضرت مسیح موعود نے بہت سے سفر اس غرض سے اختیار کئے کہ آپ حضرت اماں جان کو ان کے والدین سے ملانے کیلئے ان جگہوں پر لے کر گئے جہاں ان دنوں حضرت میر ناصر نواب صاحب کا قیام ہوتا تھا۔ چنانچہ حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب نے حضرت مرزا بشیر احمد صاحب سے بیان کیا کہ جس جس جگہ حضرت والد صاحب (یعنی حضرت میر ناصر نواب صاحب) کا قیام ہوتا تھا وہاں حضرت مسیح موعود بھی عموماً تشریف لایا کرتے تھے مثلاً انبالہ چھاؤنی، لدھیانہ، پٹیالہ، فیروز پور چھاؤنی میں آپ تشریف لے گئے تھے۔ حضرت میر صاحب نے یہ بھی بیان فرمایا

ہے کہ عام طور پر تو حضور حضرت میر ناصر نواب صاحب کے گھر پر ہی رہائش رکھتے تھے مگر جب حضور کے پاس آنے والے احباب کی کثرت ہوئی تو انبالہ میں ایک مرتبہ کچھ وقت کے لئے اور لدھیانہ میں کئی مرتبہ ایک بڑا مکان جو حضرت میر صاحب کے رہائشی مکان سے ملحق تھا حضور نے کرایہ پر لیا اور حضرت میر صاحب کے افراد خانہ ان اس بڑے مکان میں حضور کے ساتھ آجاتے تھے اور میر صاحب کا مکان بطور مردانہ استعمال ہوتا تھا۔

(سیرت المہدی جلد اول روایت نمبر 422 ص 382)

حضرت مسیح موعود نے اپنے بعض خطوط میں بھی ایسے سفروں کا ذکر فرمایا ہے چنانچہ 19/جون 1987ء کو حضرت منشی رستم علی صاحب کے نام اپنے خط میں تحریر فرماتے ہیں:

''اس وقت میں انبالہ چھاؤنی کی طرف روانہ ہوتا ہوں۔ کیونکہ میر ناصر نواب صاحب لکھتے ہیں کہ میرے گھر کے لوگ سخت بیمار ہیں زندگی سے ناامیدی ہے۔ ان کی لڑکی کی اپنی والدہ سے ایسے وقت میں ملاقات ہوجانی چاہئے۔ سو میں آج لے کر اسی وقت روانہ ہوتا ہوں''۔

(مکتوبات احمد جلد 2 مکتوب نمبر 72 صفحہ 506)

نیز 27/اکتوبر 1889ء کو لدھیانہ سے حضور نے حضرت منشی رستم علی صاحب کے نام خط میں تحریر فرمایا:

''یہ خط میں آپ کو لدھیانہ سے لکھتا ہوں میری روانگی کے وقت آپ کا خط معہ مبلغ دس روپیہ قادیان میں مجھ کو ملا تھا مگر افسوس کہ میں اس دن ایک تشویش کی حالت میں لدھیانہ کی طرف تیار تھا اس لئے آپ کی فرمائش پر عمل کرنے سے مجبور رہا اسی دن لدھیانہ سے خط پہنچا تھا کہ میر ناصر نواب صاحب کے گھر کے لوگ سخت بیمار ہیں اور انہوں نے میرے گھر کے لوگوں کو بلایا تھا کہ خط دیکھتے ہی چلے آؤ۔ وقت بہت تنگ تھا اس وجہ سے بندوبست جلد بھیجنے کا نہ کر سکا اور افسوس رہا اب شاید ایک ہفتہ تک لودھیانہ میں ہوں۔......جس وقت میں قادیان میں آؤں اس وقت آپ کسی پہنچانے والے کا بندوبست کر کے مجھ کو اطلاع دیں۔ میں حلوہ تیار کرا کر بھیج دوں گا''۔

(مکتوبات احمد جلد 2 صفحہ 566 مکتوب نمبر 164)

ضمناً یہ بھی عرض ہے کہ حضور حضرت چوہدری صاحب کی جس فرمائش پر عمل نہ کرنے کے لئے معذرت کر رہے ہیں وہ یہ تھی کہ حضرت چوہدری صاحب نے حضور سے انڈوں کا حلوہ بنا کر بھجوانے کی فرمائش کی تھی اپنے خادم کی معمولی فرمائش جلد پوری نہ کر سکنے کا آپ کو اتنا افسوس ہوا کہ آپ نے بذریعہ خط ان سے معذرت کرنی ضروری سمجھی۔

